
4311CH03

# 3 لین-دین

میں کٹو ہوں۔ یہ میرا گھر ہے۔ کیا یہ بڑا نہیں ہے؟ اس میں 100 کمرے ہیں ان میں سے کچھ کمروں کو رنگنے میں میری مدد کیجیے۔



| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |

© NCERT not to be republished

آیئے کمرہ نمبر 2 سے شروع کرتے ہیں۔ کمرہ 12 تک پہنچنے کے لیے میں نے 10 میں 2 جمع کیے اور اسے رنگ دیا۔ 10 میں 2 جمع کرنے کے لیے ہم پہلے دائیں طرف چل کر 10 تک پہنچے۔ پھر 11 پر گئے اور بس ایک قدم اور لو 12 پر پہنچ گئے۔

2 سے 12 پر جانے کا یہ ایک طریقہ ہے۔

کیا کوئی اور چھوٹا راستہ بھی ہے۔؟ بے شک کیوں نہیں!

2 سے ایک چھلانگ اوپر لو سیدھے 12 پر پہنچ گئے۔


2 سے 12 تک کی چھلانگ ——— قدم کے برابر ہے۔




اب 14 کے اوپر ایک چھلانگ لگا کر دیکھیے

14 + 10 = 24

اس کمرے کو رنگیے۔





میں 22 سے 41 پر کیسے جاؤں گا؟ دو چھلانگ میں 22 سے 42 پر پہنچ جاؤں گا۔

پھر ایک قدم بائیں طرف۔ ہم اس کو کچھ اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

22 + 20 = 42

42 – 1 = 41

کل ملا کر کتنے قدم ہوئے؟ ____________




تم اس طریقہ سے بھی جا سکتے ہو۔

22 سے ایک قدم بائیں لے کر 21 پر پہنچے۔

پھر دو چھلانگ اوپر، لو پہنچ گئے 41 پر۔

22 – 1 = 21


21 + 20 = 41

## پہنچو۔ کٹو کے گھر ڈھونڈو جواب:

(a) 34 سے 10 کم ____ ہوگا۔

(b) 53–20= ____

(c) 31 سے 11 زیادہ ____ ہوگا



(d) 66 سے 11 کم ____ ہوگا۔

(e) 62 + 13= ____

(f) 89 سے 23 کم ____ ہوگا۔

(g) 10 سے 40 زیادہ ____ ہوگا۔

10×10 عددی گرڈ دو ہندسی اعداد کے جمع اور تفریق کے لیے ایک کارآمد آلہ ہے۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ گرڈ کے سہارے ایسے جمع، تفریق کے سوال منہ زبانی کریں۔

© NCERT not to be republished



2019-20

(h) 28 میں 9 جمع کرنے سے ____ حاصل ہوتا ہے۔

(i) 9 اور 44 کا حاصل جمع ____ ہوگا۔


(j) 98 میں سے 34 کم کرنے پر ____ حاصل ہوگا۔

(k) 4 اور اس سے 37 زیادہ ____ ہو جائے گا۔

(l) 83 میں سے 35 نکال دینے پر ہمیں ____ ملے گا۔

## میرا ڈھونڈو

سنو ایک مزے دار بات۔ ماں نے مجھے بتایا تھا کہ کچھ کمروں میں کھانے پینے کی چیزیں بھی رکھی ہوئی ہیں۔ ان کمروں کے نمبروں کو ڈھونڈنے میں میری مدد کیجیے۔ اعداد پر نشان لگاتے جایئے دیکھیے آخر میں کیا بنتا ہے۔



| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |

© NCERT not to be republished


## مثال

37 + 10 = 47





37 + 9 = ____

65 – 30 = ____




____ = 46+21




____ = 87 – 30

66 – ____ = 11

45 + ____ = 99

____ + 26 = 75

____ – 21 = 35

36 = ____ + 9

40 + ____ = 76

98 = ____ + 50

57 – ____ = 20

© NCERT not to be republished

## جمع کے عمل کو آسان بنایا گیا۔



انیشا نے 37 روپے کے سیب خریدے۔ راجہ نے 21 روپے کے کیلے خریدے۔ پھل بیچنے والی عورت نے کہا :

37 کا مطلب ہے 30 اور 7


21 کا مطلب ہے 20 اور 1

اس لیے 37 اور 21 مل کر 58 بنیں گے۔




© NCERT not to be republished

ہم بھی اس کی کوشش کرتے ہیں۔ ذرا اس جمع کے عمل کو دیکھیے۔




| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 26 | | | + | 43 | | |
| 20 | + | 6 | + | 40 | + | 3 |
| 20 | + | 40 | + | 6 | + | 3 |
| 60 | | | + | 9 | | |
| 69 | | | | | | |

جواب ہوا 69

کیا آپ اسے کسی اور طریقہ سے بھی کر سکتے ہیں؟ بتائیے کیسے۔

$$33 + 56 = 30 + 3 + 50 + 6$$
$$= 80 + 3 + 6$$
$$= 80 + 9 = 89$$

کیا آپ ان سوالات کے ساتھ بھی ایسا ہی کر سکتے ہیں۔

$$37 + 22 = 30 + 7 + 20 + 2$$
$$= \square + \square + \square$$
$$= \square + \square = \square$$



$$73 + 24 = \square + \square + \square + \square$$
$$= \square + \square + \square$$
$$= \square + \square = \square$$

## آم-مرچ کا کھیل:

ایک پانسے کا جوڑا لو (یا املی کے دس بیج) اور ان کے اوپری حصّہ پر دکھائی دینے والے اعداد کو جمع کرتے ہوئے آگے بڑھیے۔ ہر کھلاڑی کے لیے الگ الگ رنگ کا بٹن لیجیے۔ پنے پر بنے بارڈر پر کھیلیے۔ اگر آپ آم پر پہنچتے ہیں تو آپ آگے (+) جائیں گے۔ اور آپ مرچ پر قدم رکھتے ہیں تو پیچھے (−) جانا پڑے گا۔ دیکھیے کون پہلے گھر پہنچتا ہے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

56 + 21 = ___ + ___ + ___ + ___

= ___ + ___ + ___

= ___ + ___ = ___



56 + 21 = 56 + 20 + 1

= 57 + 20

= 77

آ ہا!

میں تو اس طریقے سے بھی

کر سکتا ہوں!

اب آپ جوڑ کو اپنے دل میں کیجیے اور جواب ان خانوں میں لکھیے۔

33 + 42 = ___ ___ = 33 + 27 55 + 25 = ___

19 + 61 = ___ ___ = 34 + 63 67 + 25 = ___

___ = 48 + 42 ___ = 53 + 64 72 + 56 = ___

© NCERT not to be republished

# میں آپ کو ایک کہانی سناتا ہوں.....

ایک بار جنگل میں ایک شیر کا بچہ راستہ بھول گیا۔ اس نے رونا شروع کر دیا اور اپنی ماں کو پکارنے لگا۔ ایک بوڑھے ہرن کو اس پر ترس آ گیا۔ وہ اس کو اپنے گھر لے گیا۔ لیکن اس کو دیکھ کر دوسرے ہرن ڈر گئے اور باقی سب جانور بھی گھبرا گئے۔ خرگوش، گلہریاں اور چڑیاں وغیرہ بھی ڈر گئیں کہ ہمارے بیچ ایک شیر! نہیں نہیں! یہ ہمارے بچوں کو کھا جائے گا۔ بوڑھے ہرن نے کہا۔ گھبراؤ نہیں۔ میں اسے سمجھاؤں گا۔ صبح کو شیر کے بچے نے سب کا شکریہ ادا کیا اور جانے لگا۔ لیکن ایک خرگوش نے کہا رکو، یہ ایسے نہیں جا سکتا! ہم کو پہلے گن لینے دو کہیں اس نے کسی کو نقصان تو نہیں پہنچایا ہے۔ ہم سب کل ملا کر 240 ہونے چاہییں۔ ہم پہلے گن لیں۔





ٹلّو نے ہرن اور خرگوش گنے۔
27 اور 48 تھے۔

بوڑھے ہرن نے چڑیوں اور گلہریوں کو گنا۔
وہاں 124 اور 38 تھیں۔


اعداد کے کھیل والے سبق میں بچوں نے ٹوکن کارڈ بنائے ہوں گے۔ لکھ کر سوال کرنے سے پہلے جوڑ کے مشق کے لئے ٹوکن کارڈوں کا استعمال بچوں سے کروائیں۔

چلو جمع کریں اور دیکھیں کہ وہاں کتنے ہرن اور خرگوش ہیں۔





سارے 1 ساتھ ساتھ دیکھتے ہیں،
تو ہمیں پندرہ 1 ملیں گے
دس 1 ملاکر 10 بنائیں گے اور ہمارے پاس 5 1 بچے
رہیں گے۔





اب سارے 10 ساتھ ساتھ رکھتے ہیں
تو ہمیں سات 10 ملیں گے۔

اس لئے  اور  کی کل تعداد = 75

اسی طرح ہم 124 چڑیوں اور 38 گلہریوں کو جمع کر سکتے ہیں۔


پہلے سارے 1 ساتھ رکھ کر دس کا گروپ الگ کر لیتے ہیں۔

| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
|  کی تعداد | 1 | 2 (1) | 4 |
| +  کی تعداد | | 3 | 8 |
| | 1 | 6 | 2 |



پھر 10 کو ساتھ رکھ لیتے ہیں


اور آخر میں ہمیں 100 ملے گا۔




اس طرح چڑیوں اور خرگوشوں کی کل تعداد 162 ہے۔

ہرن اور خرگوش کی کل تعداد 75 ہے۔

بوڑھے ہرن نے کہا۔ ہم تعداد میں 240 تھے، اب ہم کل ملا کر کتنے ہیں؟




اس کا پتہ لگانے کے لئے نیچے دیئے گئے خانوں میں جمع کریں:


| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
|  اور  کی تعداد | | | |
| +  اور  کی تعداد | | | |
| | | | |

© NCERT not to be republished


# کتنے بلب؟


1- ایک فیکٹری نے پہلے دن 270 بلب بنائے اور دوسرے دن 123 بلب بنائے۔

کل ملا کر فیکٹری نے کتنے بلب بنائے؟




پہلے دن 270 بلب بنے     دوسرے دن 123 بلب بنے









حل:

| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| پہلے دن بلب بنے | 2 | 7 | 0 |
| + دوسرے دن بلب بنے | 1 | 2 | 3 |
| کل بلب | 3 | 9 | 3 |

© NCERT not to be republished

2-ایک دوکاندار رفیع کے پاس 153 موم بتیاں تھیں۔ پارس نے اس کو 237 موم بتیاں اور دے دیں۔اب رفیع کے پاس کل ملا کر کتنی موم بتیاں ہو گئیں؟




حل:

| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 2 | 3 | 7 |
| + | 1 | 5 | 3 |
| کل | | | |

بالکل اسی طریقہ سے درج ذیل کہانی کے سوالات کو حل کیجیے۔ پہلے سوال کو پڑھیے، اور اس کو اپنے الفاظ میں لکھنے سے پہلے اس کے جواب کا اندازہ لگائیے۔

(A) ایک ٹرین کے ڈبّے میں 132 لوگ ہیں۔ دوسرے ڈبّے میں 129 لوگ ہیں۔ دونوں ڈبوں میں کُل ملا کر کل کتنے لوگ ہیں؟





2019-20

(B) شانو کو 138 کنکریاں ملیں۔
کریم کو 44 کنکریاں ملیں۔
انہیں کل کتنی کنکریاں ملیں؟




| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 1 | 3 | 8 |
| + | | 4 | 4 |
| | | | |

(C) ایک استاد نے یہ پتہ لگایا کہ اس کے اسکول میں بچے کون سے پھل پسند کرتے ہیں۔



| طلبہ | آم | سنترے | کل |
|---|---|---|---|
| لڑکے | 240 | 136 | |
| لڑکیاں | 243 | 128 | |
| کل | | | |

معلوم کیجیے:



(a) اسکول میں کتنے بچوں کو سنترے پسند ہیں؟

(b) اسکول میں کتنے بچوں کو آم پسند ہیں؟

(c) کل ملا کر اسکول میں کتنے بچے ہیں؟


(d) کیا لڑکیوں کی تعداد 350 سے زیادہ ہے یا کم ہے؟



© NCERT not to be republished



2019-20




مشق کا وقت

(A) (i) 345 + 52     (iv) 643 + 345

(ii) 492 + 29     (v) 750 + 219


(iii) 245 + 93

(B)

| | | |
|---|---|---|
| 319 <br> + 323 | 304 <br> + 406 | 363 <br> + 456 |
| 427 <br> + 248 | 684 <br> +232 | |




## پہیلی




جوڑ ہے میرا پکّا دوست
لڑتے ہیں ہم کبھی نہیں
مجھ کو کر کے اسے بلاؤ
جانچو کیا میں ہوں صحیح!

## ذہنی ورزش کا کھیل

دو دوست اس کھیل کو کھیلتے ہیں۔ بس کو دیکھیے۔ کچھ لوگ بس میں چڑھتے (+) میں کچھ لوگ بس اسٹینڈ پر اترتے (-) ہیں۔ کل ملا کر کتنے لوگ بس میں ہیں؟ ذہن میں حل کیجیے اور بحث کیجئے۔ وہ دوست جو ٹھیک جواب دیتے ہیں ان کو کچھ نمبر ملتے ہیں۔ اپنے اعداد کی فہرست بنائیے۔ جمع کر کے پتہ لگائیے کون جیتا۔

جیتو 5 پوائنٹ

# جیتو 5 پوائنٹ







اس عدد کو لکھنے کے چار الگ۔الگ طریقے پتہ لگائیے۔





| 59 | 78 | 83 |
|---|---|---|
| 50 + 9 | + | + |
| 30 + 29 | + | + 43 |
| 19 + 40 | 30 + | + |
| 59 + 0 | + | + |


| 99 | 102 | 168 |
|---|---|---|
| + | + | + |
| + 39 | + | + |
| + | + | + 68 |
| + | + 50 | + |

© NCERT not to be republished

کیا آپ پہیلی کو حل کر سکتے ہیں؟

اعداد 1,2,3,4,5,6 دائروں میں اس طرح لکھیے کہ ہر لائن میں لکھے اعداد کا حاصل جمع 12 آئے!






جیتو 5 پوائنٹ



2019-20

# مِٹّھو کے بستہ کو تلاش کیجیے



سبھی سوالوں کو ذہنی طور پر حل کیجیے اور خانہ میں لکھیے:

a) $75 + 20 =$ 95

b) $90 + 60 =$ 150

c) $25 + 30 + 3 =$ ____

d) $9 + 40 + 31 =$ ____

e) $500 + 200 =$ ____

f) $400 + 350 =$ ____

g) $670 + 120 =$ ____

h) $380 + 210 =$ ____

i) $205 + 650 =$ ____

j) $128 + 600 =$ ____

k) $150 + 69 =$ ____

l) $37 + 46 + 3 =$ ____

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 95 | 150 | 73 | 428 | 59 |
| 80 | 58 | 590 | 855 | 615 |
| 700 | 750 | 790 | 728 | 155 |
| 341 | 212 | 93 | 219 | 47 |
| 100 | 99 | 120 | 86 | 200 |

مِٹّھو کا بستہ تلاش کیجیے اور اپنے جوابات کی جانچ کیجیے۔ ان اعداد سے گزرتا ہوا ایک خط کھینچیے جو درج بالا باکس میں لکھے گئے جوابات ہیں۔

© NCERT not to be republished

## کارڈ کھیل

ایک دن ببلی اور گوپو کھیل رہے تھے۔ ببلی نے گوپو کو الگ۔الگ اعداد کے تین کارڈ دیئے اس نے کارڈوں کو دو طریقوں سے رکھا۔




| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 150 | − | 30 | = | 120 |

ببلی نے انھیں اس طرح رکھا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 120 | + | 30 | = | 150 |
| 30 | + | 120 | = | 150 |

کیا یہ دل چسپ نہیں ہے؟

یہ کھیل آپ بھی کھیل سکتے ہیں۔ مان لیجیے یہ آپ کے کارڈ ہیں۔ اب سوچیے اعداد کو الگ الگ طرح سے لکھنے کے کیا کیا طریقے ہو سکتے ہیں۔

(a

| 50 | | 70 | | 20 |
|---|---|---|---|---|
| | + | | = | |
| | + | | = | |

| 50 | | 20 | | 70 |
|---|---|---|---|---|
| | − | | = | |
| | − | | = | |

(b

| 30 | | 42 | | 12 |
|---|---|---|---|---|
| | − | | = | |
| | − | | = | |

| 30 | | 42 | | 12 |
|---|---|---|---|---|
| | + | | = | |
| | + | | = | |

© NCERT not to be republished